ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 17 ستمبر 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے خیر پور میں جرگہ اور اس کے فیصلے کی زد میں ونی کی جانیوالی بچیوں، جرمانہ اور متاثرہ خاندان کی گاؤں سے بے دخلی کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر ایس ایس پی خیر پور سے تفصیلی انکوائری اور تمام تر ضروری پولیس اقدامات پر مشتمل رپورٹ فی الفور طلب کر لی ہے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

آئی جی سندھ نے پولیس گیسٹ ہاؤس کا افتتاح کیا۔

کراچی 17 ستمبر 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے کلفٹن میں تعمیر کیئے جانیوالے پولیس گیسٹ ہاؤس کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن، ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ عمران یعقوب منہاس کے علاوہ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر سندھ، ڈی آئی جی ساؤتھ، ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی، ڈی آئی جی ٹریننگ، ڈی آئی جی آپریشن سندھ، ایس ایس پی ساؤتھ اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

پولیس گیسٹ ہاؤس ڈرائنگ، ڈائنگ، ٹی وی لاؤنج سمیت آٹھ کمروں پر مشتمل ہے۔ جہاں کراچی کے علاوہ سندھ پولیس کی دیگر رینج/ڈسٹرکٹس کے سینئر پولیس افسران کو عارضی قیام کی سہولیات فراہم کی جائیں گی جو کم از کم ایک دن یا زیادہ سے زیادہ آٹھ دنوں تک ہوگی۔

گیسٹ ہاؤس کے قیام کا مقصد پولینگ کے جملہ ضروری امور واقدامات بشمول ورکشاپ، سیمینار، تربیتی سیشنز یا آفیشل وزٹ وغیرہ کے حوالے سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں سندھ کی دیگر پولیس رینج سے آنیوالے سینئر پولیس افسران کو عارضی قیام فراہم کرنا ہے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔